| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پھلوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر پھلوں کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ا تا ش تمام حروف دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو نظم سنائی جائے گی۔ https://youtube/flQf0SyVoX4<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا یہ نظم پھلوں کے بارے میں تھی۔ بچوں کو بتایا جائے گا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے مزے مزے کے پھل بنائے ہیں۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں کو انگور، آم، ناشپاتی، مالٹا اور انار کے پھل فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ ان کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ (ایک وقت میں ایک پھل دکھایئے اس کا نام پوچھیے اور بتایئے رنگ کے بارے میں پوچھیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو انگور، آم، ناشپاتی، مالٹا اور انار پر مشتمل ورک شیٹ مہیا کی جائے گی۔ بچوں سے ان پھلوں کے رنگ پوچھے جائیں گے اور کریون کی مدد سے ان میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>اختتامیہ<br>بچوں کو پھل دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے اور بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>پھلوں کے فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | پھلوں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پھلوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر پھلوں کے نام بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو انگور، ناشپاتی، مالٹا، آم اور انار کے فلیش کارڈ/ پلاسٹک پھل کھلونے دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم مزید پھلوں کے نام جانیں گے۔ٹوکری میں پھل/ پلاسٹک پھل کھلونے رکھ کر کلاس میں لائے جائیں گے۔(تربوز، سٹرابری، امرود، سیب کیلا) ایک ایک کر کے پھل دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کونسا پھل ہے؟ نام بتا کر اُسے تین سے چار بار دہرایئے پھر پھلوں کو دانتوں سے کاٹ کر کھانے کو ظاہر کریں اور بچوں کو بتایئے یہ بہت مزیدار ہیں۔ بچوں سے پھلوں کا رنگ اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ایک وقت میں ایک پھل دکھایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں پلاسٹک پھل کھلونے/فلیش کارڈ مختلف جگہوں پر رکھ دیں۔(کھلونے اس سرگرمی کے لیے زیادہ بہتر ہیں) بچوں کو ہر پھل کا کھلونا آدھا دیں اور کہیے کہ اس کا آدھا حصہ کلاس میں چھپا بیٹھا ہے جاؤ اس کو تلاش کر کے لاؤ۔جب بچہ لے آئے تو اس پھل کا نام پوچھیے اور ٹوکری میں رکھنے کو کہیے۔اگر کھلونے موجود نہ ہوں تو ہر بچے کو ایک پھل کا فلیش کارڈ دیں۔اس پھل کا نام پوچھیے اور ٹوکری میں رکھنے کو کہیے۔کہ کمرہ جماعت میں سے اس پھل کا دوسرا فلیش کارڈ تلاش کریں۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 43 کھولنے کو کہا جائے گا۔تمام پھلوں پر انگلی رکھ کر ایک ایک کر کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | | پلاسٹک کھلونے پھل، پھلوں کے فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 43 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تمام پھلوں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں سے ان کا پسندیدہ پھل اگلے دن لنچ میں لانے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر سبزیوں کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>پھلوں کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی بچے لنچ میں کونسا پھل لائے ہیں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>کمرہ جماعت میں پلاسٹک کھلونے سبزیاں، اصل سبزیاں/سبزیوں کے فلیش کارڈ لے کر آئیے۔ بچوں کو آلو، پالک، ٹماٹر، بینگن اور گاجر ایک ایک کر کے دکھائے جائیں گے اور نام بتائے جائیں گے۔ جیسا کہ گاجر دکھاتے وقت کہا جائے گا یہ گاجر ہے۔ تین بار (گاجر، گاجر، گاجر) دہرایا جائے گا۔ اس کے بعد فلیش کارڈ/سبزی بچے کو دی جائے گی اور نام پوچھا جائے گا۔ اس طرح باری باری ہر بچہ سبزی کو پکڑے گا اور اس کا نام بتائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>سبزیوں کو میز پر رکھا جائے گا اور معلمہ آنکھوں پر پٹی باندھ کر سبزی کو پکڑے گی (اس کو دلچسپ بنانے کے لیے گاجر کو ہاتھ میں پکڑیں اور کہیے کہ یہ ٹماٹر ہے) بچوں سے پوچھیے کہ یہ ٹماٹر ہے ناں بچوں کو حوصلہ افزائی کریں۔ پھر باری باری سب بچوں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر ان کے آگے ٹوکری کریں وہ سبزی اٹھائیں گے اور اس کو چھو کر اس کا نام بتائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>آلو، پالک، ٹماٹر، بینگن اور گاجر کا فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں تربوز، سیب اور کیلا میں رنگ بھریئے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | پھل فلیش کارڈ<br>پلاسٹک کھلونے (سبزی)<br>فلیش کارڈ<br>اصل سبزیاں<br>پلاسٹک سبزی کھلونے<br>کپڑے کی پٹی<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر سبزیوں کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو آلو، پالک، ٹماٹر بینگن اور گاجر کے فلیش کارڈ/ پی پی ٹی دکھا کر نام دہرائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو سبزیوں کے نام کی ایک ویڈیو دکھائی جائے گی۔ https://youtube/SaUBn/E03U8<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم مزید سبزیوں کے نام جانیں گے۔ بچوں کو پیاز، کھیرا، شملہ مرچ، مولی اور لہسن کے فلیش کارڈ/ پلاسٹک کھلونے/ اصل سبزی دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ ایک وقت میں ایک سبزی دکھائی جائے گی۔ اُس کا نام دو سے تین بار دہرایا جائے گا۔ اس کا رنگ پوچھا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ پھلوں کی طرح سبزیاں بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے کھانے کے لیے بنائی ہیں بچوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کے بارے میں پوچھا جائے گا اور کونسی سبزی انہیں ناپسند ہے وجہ پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 44 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام سبزیوں پر انگلی رکھ کر ایک ایک کر کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ گاجر، مولی، ٹماٹر اور پیاز ایسی سبزیاں ہیں جنہیں ہم بغیر پکائے کچا بھی کھا سکتے ہیں۔<br>بچوں کو دائرے کی شکل میں بٹھایئے اور سبزی اپنے سے آگے والے بچے کو پکڑانے کو کہیے جب میوزک شروع ہو۔ میوزک رکنے پر جس بچے کے پاس سبزی ہوگی وہ اس کا نام بتائے گا۔ ہر دفعہ سبزی مختلف ہونی چاہیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کے ساتھ سبزیوں کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>فلیش کارڈ<br>کھلونے/ اصل سبزی<br>کتاب صفحہ 44 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں کے ناموں اور تصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | پھلوں اورسبزیوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پھلوں اورسبزیوں کے نام جان سکیں۔ تصاویر کو دیکھ کر پھلوں اور سبزیوں کے نام بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پیاز، کھیرا، شملہ مرچ، مولی اورلہسن کے فلیش کارڈ دکھا کران کے نام پوچھے جائین گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پھلوں اورسبزیوں کے ناموں اورتصاویر کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم پھلوں اورسبزیوں کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل اورسبزی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بچوں کو معلمہ اپنے پسندیدہ پھل اورسبزیوں کے بارے میں بتائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جو بچے پھل اورسبزی نہیں کھاتے وہ دوسرے بچوں کی نسبت کمزور ہوتے ہیں تمام پھلوں اورسبزیوں کی ابتدائی آواز کی دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | ٹوکریاں<br>پھل/سبزیاں<br>فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ہر میز پر دو ٹوکریاں رکھ دی جائیں۔ جس میں سے ایک میں پھل اور دوسرے پر سبزی کا فلیش کارڈ چسپاں ہوں۔ بچوں کو سبزیوں اور پھلوں کے فلیش کارڈ/ پلاسٹک کھلونے دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ پھلوں کو پھل کی ٹوکری میں اور سبزیوں کو سبزی کی ٹوکری میں ڈالیں۔ بچوں کی سرگرمی کے دوران نگرانی کریں۔ سبزیوں اور پھلوں کے نام پوچھیے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں گاجر، مولی، آلو اور ٹماٹر کی تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کھلونا یا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ سبزی ہے یا پھل نام بتایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں سبزیوں کو ان کی درست آواز سے ملایئے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |